روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 25 ستمبر 2008ء 24 رمضان 1429 ہجری 25 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 221

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ پہلے تو ان دلوں سے پردہ اٹھاوے، جس پردہ کی وجہ سے اچھی طرح انسان خداتعالیٰ کے وجود پر یقین نہیں رکھتا اور ایک دھندلی سی اور تاریک معرفت کے ساتھ اس کے وجود کا قائل ہوتا ہے بلکہ بسا اوقات امتحان کے وقت اس کے وجود سے ہی انکار کر بیٹھتا ہے اور یہ پردہ اٹھایا جانا بجز مکالمۂ الٰہیہ کے اور کسی صورت میں میسر نہیں آ سکتا۔ پس انسان حقیقی معرفت کے چشمہ میں اس دن غوط مارتا ہے۔ جس دن خداتعالیٰ اس کو مخاطب کر کے انا الموجود کی اس کو خود بشارت دیتا ہے۔ تب انسان کی معرفت صرف اپنے قیاسی ڈھکوسلہ یا محض منقولی خیالات تک محدود نہیں رہتی، بلکہ خداتعالیٰ سے ایسا قریب ہو جاتا ہے کہ گویا اس کو دیکھتا ہے اور یہ سچ اور بالکل سچ ہے کہ خداتعالیٰ پر کامل ایمان اسی دن اس کو نصیب ہوتا ہے کہ جب اللہ جل شانہٗ اپنے وجود سے آپ خبر دیتا ہے اور پھر دوسری علامت خداتعالیٰ کی محبت کی یہ ہے کہ اپنے پیارے بندوں کو صرف اپنے وجود کی خبر ہی نہیں، بلکہ اپنی رحمت اور فضل کے آثار بھی خاص طور پر ان پر ظاہر کرتا ہے اور وہ اس طرح پر کہ ان کی دعائیں جو ظاہری امیدوں سے بڑھ کر ہوں، قبول فرما کر اپنے الہام اور کلام کے ذریعہ سے ان کو اطلاع دیتا ہے، تب ان کے دل تسلی پکڑ جاتے ہیں کہ یہ ہمارا قادر خدا ہے جو ہماری دعائیں سنتا ہے اور ہم کو اطلاع دیتا اور مشکلات سے ہمیں نجات دیتا ہے۔ اسی روز سے نجات کا مسئلہ بھی سمجھ میں آتا ہے اور خداتعالیٰ کے وجود کا بھی پتہ لگتا ہے، اگرچہ جگانے اور متنبہ کرنے کے لئے کبھی کبھی غیروں کو بھی سچی خواب آ سکتی ہے، مگر اس طریق کا مرتبہ اور شان اور رنگ اور ہے۔ یہ خداتعالیٰ کا مکالمہ ہے جو خاص مقربوں ہی سے ہوتا ہے اور جب مقرب انسان دعا کرتا ہے، تو خداتعالیٰ اپنی خدائی کے جلال کے ساتھ اس پر تجلی فرماتا ہے اور اپنی روح اس پر نازل کرتا ہے اور اپنی محبت سے بھرے ہوئے لفظوں کے ساتھ اس کو قبول دعا کی بشارت دیتا ہے۔

سچے مذہب کی یہی نشانی ہے کہ اس مذہب کی تعلیم ایسے راستباز پیدا ہوتے ہیں جو محدث کے درجہ تک پہنچ جائیں جن سے خداتعالیٰ آمنے سامنے کلام کرے اور (۔) کی حقیقت اور حقانیت کی اول نشانی یہی ہے کہ اس میں ہمیشہ ایسے راستباز جن سے خداتعالیٰ ہم کلام ہو پیدا ہوتے ہیں .... (حٰم السجدہ: 31) سو یہی معیار حقیقی سچے اور زندہ اور مقبول مذہب کا ہے اور ہم جانتے ہیں کہ یہ نور صرف .... میں ہے۔ دوسرے مذاہب اس روشنی سے بےنصیب ہیں اور ان مذاہب کے بطلان کے لئے یہی دلیل ہزار دلائل سے بڑھ کر ہے کہ مردہ ہرگز زندہ کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور نہ اندھا سوجاکھے کے ساتھ پورا اتر سکتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 391)

مجموعۂ اخلاق حسنہ

ڈاکٹر گستاو ویل آنحضرتؐ کی پاکیزہ سیرت کے متعلق یوں گویا ہیں کہ:۔

محمدؐ نے اپنے لوگوں کے لئے ایک روشن نمونہ قائم کیا آپؐ کے اخلاق پاک اور بےعیب ہیں۔ آپؐ کی سادگی، آپؐ کی انسانی ہمدردی‘ آپ کا مصائب میں استقلال آپ کا طاقت کے وقت فروتنی اختیار کرنا‘ آپؐ کی مضبوطی‘ آپؐ کی کفایت شعاری‘ آپؐ کا درگزر‘ آپؐ کی متانت‘ آپ کا قوت کے وقت عاجزی کا اظہار کرنا‘ آپؐ کی حیوانوں کے لئے رحم دلی‘ آپؐ کی بچوں سے محبت‘ آپؐ کا انصاف اور عدل کے اوپر غیر متزلزل ہوکر قائم ہونا‘ کیا دنیا کی تاریخ میں کوئی اور مثال ہے جہاں اس قدر اعلیٰ اخلاق ایک ہی شخص کی ذات میں جمع ہوئے ہوں۔

(Gustav Weil , Muhammad and Teachigs of Quran by Johan Davenport, Shaikh Muhammad Ashraf, Kashmiri Bazar Lahore, page 119-120)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا
درس القرآن اور اختتامی دعا

۞ امسال 30 رمضان المبارک بمطابق یکم اکتوبر 2008ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا درس القرآن اور اختتامی دعا پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 5:30 بجے ایم ٹی اے پر لائیو نشر ہوگی۔

خطبہ عیدالفطر حضور انور ایدہ
اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

۞ امسال لندن میں عیدالفطر مورخہ 2/ اکتوبر 2008ء کو ہوگی۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی براہ راست نشریات کا آغاز مورخہ 2/ اکتوبر کو دوپہر 3:00 بجے ہوگا۔ اس دوران ہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ عیدالفطر نشر ہوگا۔ احباب جماعت حسب پروگرام استفادہ فرمائیں۔

دعائیہ فہرست وقف جدید

۞ امرائے کرام، صدران جماعت اور سیکرٹریان وقف جدید سے گزارش ہے کہ چندہ وقف جدید سو فی صد ادا کرنے والے احباب کی دعائیہ فہرست 29 رمضان المبارک کو حضور انور کی خدمت اقدس میں پیش ہوگی۔ اس لئے کوشش فرمائیں کہ زیادہ سے زیادہ احباب سے وصولی کا کام مکمل کر لیا جائے اور 25 رمضان المبارک تک دعائیہ فہرستیں دفتر کو پہنچا دیں نیز اس کے بعد بھی کام جاری رکھیں اور نام دفتر کو بھجواتے رہیں۔

(ناظم مال وقف جدید ربوہ)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

۞ مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 28 ستمبر 2008ء کو بوقت 10:00 بجے صبح ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوا لیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

30 ستمبر 2008ء

12-30 am عربی سروس
1-35 am لقاء مع العرب
3-00 am درس القرآن
4-15 am طب وصحت
4-50 am تلاوت دوبارہ
6-00 am تلاوت، خبریں
7-00 am درس القرآن
8-15 am تلاوت قرآن کریم
9-25 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
10-35 am خطبہ جمعہ
11-25 am طب وصحت
12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
2-40 pm گلشن وقف نو
3-50 pm سپاٹ لائیٹ
4-25 pm سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
5-00 pm درس القرآن
7-00 pm تلاوت، خبریں
7-55 pm بنگلہ سروس
8-55 pm جلسہ سالانہ یوکے
10-05 pm سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
10-50 pm تلاوت قرآن کریم
11-05 pm گلشن وقف نو

یکم اکتوبر 2008ء

1-00 am عربی سروس
1-55 am خطبہ جمعہ
3-00 am درس القرآن
5-00 am تلاوت (دوبارہ)
6-00 am تلاوت
6-55 am درس القرآن
8-15 am جلسہ سالانہ یوکے
9-40 am تلاوت قرآن کریم
10-50 am گلشن وقف نو
12-00 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
2-35 pm گلشن وقف نو
4-00 pm انڈونیشین سروس
5-00 pm درس القرآن
6-05 pm تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-05 pm بنگلہ پروگرام
8-05 pm خطبہ جمعہ
9-25 pm گلشن وقف نو
10-25 pm سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
11-00 pm تلاوت قرآن کریم

2 اکتوبر 2008ء

12-30 am عربی سروس
1-30 am لقاء مع العرب
2-30 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
3-05 am درس القرآن
4-05 am خطبہ جمعہ
6-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-55 am درس القرآن
9-00 am سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
9-25 am تلاوت قرآن کریم
10-45 am خطبہ جمعہ
12-00 pm تلاوت، خبریں
2-25 pm جرمن کلاس
3-00 pm لائیو نشریات و خطبہ جمعہ
9-00 pm بنگلہ سروس
10-00 pm ڈاکومنٹری
11-20 pm عید الفطر پروگرام دوبارہ

اعلان دار القضاء

(مکرم مبشر احمد صاحب ترکہ مکرم احمد دین صاحب)

مکرم مبشر احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم احمد دین صاحب ولد مکرم خیر دین صاحب مرحوم بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 32/17 محلہ دار النصر ربوہ برقبہ 1 کنال 55 مربع فٹ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ سب ورثاء میں بحصص شرعی منتقل کر دیا جائے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل۔

(1) مکرم مبشر احمد صاحب (بیٹا)
(2) مکرم منصور احمد صاحب (بیٹا)
(3) مکرم مقصود احمد صاحب (بیٹا)
(4) مکرمہ نسرین اختر صاحبہ (بیٹی)
(5) مکرمہ پروین اختر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دار القضاء ربوہ)

درخواست ہائے دعا

اخبار میں چھپی ہیں دعا کی گزارشات
سب کے لئے دعا کریں سب پہ ہو التفات
کچھ لوگ ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں
سب کو شفا عطا ہو رہیں دور مشکلات
کچھ بچے امتحان میں امیدوار ہیں
اللہ کرے کہ پورے ہوں ان کے لوازمات
اللہ کرے کہ سرخرو ہوں امتحان میں
اور اپنے اپنے شعبوں میں پائیں ترقیات
کچھ نوجواں پڑھے لکھے بے روزگار ہیں
بہتر ہو جلد یا رب ان کی اقتصادیات
کچھ نعمت اولاد سے محروم ہیں ابھی
بچوں کی تربیت میں ہیں چند اک کو مشکلات
قرضوں کے بوجھ کے تلے کچھ ہیں دبے ہوئے
الجھے ہوئے ہیں کچھ کے گھریلو معاملات
جعلی مقدمات میں الجھے ہوئے ہیں کچھ
عزت سے ہوں بریٔ ملے ہر فکر سے نجات!
کچھ بچیوں کے اب تلک رشتے نہیں ہوئے
الغرض ہیں جدا جدا ہر اک کی مشکلات
سچ پوچھئے تو ہر کوئی مشکل میں آج ہے
سن لے خدائے مہرباں سب کی تضرعات
ان کو بھی یاد رکھئے گا جو لکھ نہیں سکے
واقف ہے ان کے حالِ دل سے رب کائنات
مولا کے راستے میں کچھ اسیر بھی تو ہیں
ان کی اور اہل خانہ کی حامی خدا کی ذات
رکھنا پیارے آقا کو ہر دم دعا میں یاد
حاصل رہیں ہمیشہ ہی مولا کی تائیدات
جب ہو قبولیت کی گھڑی لب پہ ہو دعا
انجام ہو بخیر کہ دنیا ہے بے ثبات

ڈاکٹر حنیف احمد قمر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم نذیر احمد صاحب خادم

نزول قرآن اور رمضان

ابتدائے آفرینش سے لے کر اب تک جو کتابیں آسمان سے نازل ہوئیں۔ جو صحیفے انبیاء کرام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتارے گئے یا جو کتابیں انسانی ذہن ودماغ نے لکھیں یا بنائیں یا آئندہ وہ لکھیں گے ان سب میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب اللہ کی کتاب اللہ کا آخری اور ابدی کلام قرآن مجید ہے فرقان حمید ہے یہ عظیم برکات اور دائمی ثمرات کی حامل کتاب دنیا کے ہر حصہ ہر ملک ہر علاقہ ہر شہر قریہ قریہ اور گھر گھر پڑھی جاتی ہے۔ ہر سال نہیں ہر مہینہ نہیں ہر ہفتہ نہیں ہر دن بھی نہیں بلکہ ہر دن کے ہر ہر لحمہ میں پڑھی جاتی ہے۔ یہ اس کتاب رحمان کی وہ خصوصیت ہے وہ امتیاز ہے، وہ اعجاز ونشان ہے جو نہ تو نزول قرآن سے پہلے کسی کتاب کو حاصل تھا نہ نزول قرآن کے وقت کسی اور کتاب یا صحیفہ کو میسر تھا اور نہ ہی نزول قرآن کے بعد سے قیامت تک کسی اور کتاب کو یہ شرف اور امتیازی نشان حاصل ہوگا۔ اس آب آسمانی اس صحیفہء رحمانی اس کلام اللہ کو سیدنا حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کرنے والے رب جلیل و قدیر نے اس کا جو نام رکھا یعنی قرآن اس کے معنی یہ ہیں کہ کثرت کے ساتھ پڑھی جانے والی کتاب۔ پھر اس کلام الٰہی کی جو سب سے پہلی آیت آنحضور ﷺ پر نازل ہوئی اس کا پہلا لفظ ہی تھا کہ ''اقراء'' یعنی اے رسولؐ تو پڑھ

''اپنے رب کا نام لے کر پڑھ جس نے (سب اشیاء کو) پیدا کیا'' پھر فرمایا۔

(پھر ہم کہتے ہیں کہ قرآن کو) پڑھ کر سناتا رہ، کیونکہ تیرا رب بڑا کریم ہے وہ رب جس نے قلم کے ساتھ علم سکھایا (ہے اور آئندہ بھی سکھائے گا۔)

(العلق آیت 2 تا 5)

قرآن کا نام اور ''اقرا'' کے حکم ربانی اور پھر اس حکم یزدانی میں کہ ''اے رسولؐ تو قرآن کو پڑھ کر سناتا رہ۔'' نزول قرآن کے وقت اس پہلے لفظ میں ہی رب السمٰوٰت والارض نے یہ عظیم الشان معجزانہ اعلان فرما دیا تھا کہ ہم جو اپنا کلام اور اپنی کتاب اپنے سب سے پیارے اور سب سے عظیم رسولؐ پر نازل کر رہے ہیں یہ دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جائے گی اور اس قدر اس کا مطالعہ ہوگا۔ سراً بھی اور جہراً بھی اسے حفظ کرنے والے حفاظ کے ذریعہ بھی اس کی روزانہ دن کے ہر لحمہ میں تلاوت کرنے والوں کے ذریعہ بھی۔ نمازوں کی ہر رکعت میں اور دنیا کے ہر گوشہ اور ہر سمت میں اسے اس قدر کثرت سے پڑھا جائے گا کہ اس کا ''قرآن'' نام ایک عظیم اور زندہ جاوید معجزہ بن جائے گا۔ ایک فرقان ثابت ہوگا دوسری بے شمار خوبیوں کے علاوہ صرف کثرت تلاوت کے اعتبار سے ہی کہ دنیا کی اور کوئی کتاب اس کا لاکھواں حصہ بھی پڑھی نہیں جائے گی۔ اس تا قیامت قائم رہنے والے عظیم اعلان ونشان کی عظمت وشان کو رب رحمان نے اور بھی نمایاں کر دیا یہ پُرشوکت اعلان فرما کر کہ۔

''رمضان کا مہینہ وہ (مہینہ) ہے جس کے بارہ میں قرآن (کریم) نازل کیا گیا ہے۔ وہ (قرآن) جو تمام انسانوں کے لئے ہدایت (بنا کر بھیجا گیا) ہے اور جو کھلے دلائل اپنے اندر رکھتا ہے (ایسے دلائل) جو ہدایت پیدا کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی (قرآن میں) الٰہی نشان بھی ہیں''۔

(البقرہ آیت:186)

''ہم نے یقیناً اس (قرآن) کو ایک (عظیم الشان) تقدیر والی رات میں اتارا'' (القدر :2)

ان آیات میں قرآن کریم کی عظمت و برکات کو واضح کرنے کے علاوہ ایک یہ عظیم صداقت بیان فرمائی گئی ہے کہ رمضان کا مہینہ جس میں قرآن نازل ہوا اس میں قرآن کریم سال کے باقی گیارہ مہینوں سے بھی کہیں زیادہ کثرت کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ احادیث کی روح سے رمضان المبارک کی 24 تاریخ کو نزول قرآن کا آغاز ہوا۔ پھر ہر سال جتنا حصہ نازل ہو چکا ہوتا آئندہ رمضان میں رسول اکرم ﷺ کے ساتھ مل کر حضرت جبریل علیہ السلام اس کا دور کرتے اور یہ سلسلہ پورے 23 سال تک جاری رہا۔ جس میں بعض سورتیں اور آیات دو(2) دو(2) بار سے لے کر 23 یا 24-24 بار ماہ رمضان میں حضرت جبرئیلؑ نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ دہرائیں اس کا مطلب یہ بنتا ہے کہ نہ صرف یہ کہ قرآن کریم کے نزول کا آغاز رمضان میں ہوا بلکہ نازل شدہ پورے کا پورا قرآن رسول پاک ﷺ کی حیات طیبہ میں آنے والے ہر رمضان میں بار بار نازل کیا جاتا۔ اسی لئے حق تعالیٰ نے فرمایا کہ۔

''رمضان کا مہینہ وہ (مہینہ) ہے جس میں قرآن کریم نازل ہوا۔''

خلاصہ کلام یہ کہ رمضان کے مہینہ کو اس لحاظ سے قرآن کریم کے ساتھ خاص مناسبت ہے کہ اس ماہ میں یہ پاک کلام نازل ہوا۔ اس لئے اس مہینہ میں جو نزول قرآن کا مہینہ ہے قرآن کریم کی سال کے عام مہینوں اور دنوں اور راتوں سے زیادہ تلاوت کرنی چاہئے۔

حدیث شریف میں ہے کہ آخری رمضان جو رسول اکرم ﷺ کی مبارک زندگی میں آیا حضرت جبریل نے دو(2) بار آنحضرت ﷺ ساتھ قرآن کریم کا دور کیا۔ پس ہر مومن مرد عورت کا فرض ہے کہ وہ اس ماہ مبارک میں کم از کم ایک یا دو بار تو ضرور قرآن کریم کا دور کر لیا کرے اس پر غور وتدبر کیا کرے اور اس کی زندگی بخش تعلیمات سے استفادہ کر کے انہیں اپنی عملی زندگی میں مشعل راہ بنا کر دونوں جہانوں کی فلاح حاصل کرے۔ سیدنا حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

''رمضان کلام الٰہی کے یاد کرانے کا مہینہ ہے۔ اسی لئے رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ اس مہینہ میں قرآن کریم کی تلاوت زیادہ کرنی چاہئے اور اسی وجہ سے ہم بھی اس مہینہ میں درس قرآن کا انتظام کرتے ہیں دوستوں کو چاہئے کہ اس مہینہ میں زیادہ سے زیادہ تلاوت کیا کریں اور قرآن کریم کے معانی پر غور کریں۔'' (تفسیر کبیر جلد 2 ص 393)

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے تمام کتابوں سے بے شمار گنا زیادہ پڑھے اور پڑھائے جانے کا جو نہایت روشن اور ابدی نشان اور دائمی معجزہ قائم فرمایا ہے کہ دنیا کے شرق وغرب اور شمال وجنوب میں بسنے والے کروڑوں مومن اسے دن کے ہر لحمہ اور رات کے ہر لحظہ میں اپنے گھروں میں اللہ کے گھروں میں۔ مکاتب اور مدارس میں اپنے وعظ وتقریر میں، جلسوں میں۔ درس کے طور پر اور نماز تراویح اور عام نمازوں میں۔ نماز تہجد میں۔ نوافل میں سفر میں اور حضر میں اس تسلسل وتکرار اور کثرت سے پڑھتے اور پڑھاتے۔ سیکھتے اور سکھلاتے ہیں کہ تلاوت وتدریس اور تعلیم وتعلم قرآن پر دنیا بھر میں ایک سیکنڈ بھی کبھی سورج غروب نہیں ہوتا بلکہ ارشاد فرقانی ورحمانی کے مطابق۔

''(یہ) ایک کتاب ہے جسے ہم نے تجھ پر اس لئے اتارا ہے کہ تو تمام لوگوں کو ان کے رب کے حکم سے ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لے آئے۔ یعنی غالب اور تعریفوں والے خدا کے راستہ کی طرف''۔

(ابراہیم آیت:2)

یہ کتاب حق ہمیں معصیت وگناہ کی تاریکی اور غیر اللہ کی محبت وخوف کے اندھیروں سے نجات دلا کر اس خدائے ودود کی طرف لانے والی ہے جو نور السمٰوٰت والارض ہے۔ اس لئے آیئے ہم عہد کریں کہ ہم اس قرآن اس کتاب مبین اس نور علی نور کو رمضان میں تو اس لئے کثرت کے ساتھ پڑھیں سمجھیں اور اس پر عمل کریں کہ اس مہینہ سے اس کو خاص مناسبت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مہینہ کو اس کے نزول سے عزت و شرف بخشا ہے اور سال کے باقی گیارہ مہینوں کے شب وروز کے اکثر لمحات بھی ہم اس کی تلاوت وتدبر اور اسے سیکھنے سکھانے کے لئے مختص کر دیں کہ تا ایک طرف ہم لفظ ''قرآن'' اور ''اقرا'' میں کئے گئے لازوال ابدی نشان ومعجزہ کی تجلیات سے انوار حاصل کریں اور دوسرے رمضان کے مہینہ میں کثرت تلاوت کی جو مشق ہم کرتے جو سبق ہم سیکھتے ہیں اسے اس ماہ کے بعد آنے والے رمضان تک یاد رکھیں جاری وساری رکھیں تا ایک بہت ہی مبارک محور بن جائے جس کے گرد تلاوت وتدبر اور فکر وتفہیم قرآن اور عمل بالقرآن اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی بے انتہا برکات وثمرات اور فیوض کی روحانی ونورانی گردش کا کبھی نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جائے جو بالآخر ہمیں اور دنیا کے ہر انسان کو اپنے رب رحمان کی حقیقی محبت وعرفان کی دولت سے مالا مال کر دے اور اس کے پاک ومقدس کلام کی محبت وعشق سے ہمارے سینے اور دل اس طرح معمور ومخمور اور پُرنور ہو جائیں کہ ہم اس کی تعلیمات کے اس کے حقیقی ترجمہ و تفسیر کو بار بار پڑھیں۔ خود پڑھیں اپنے گھر میں پڑھ کر سنائیں اپنی بیوت میں سنائیں اپنے جلسوں میں سنائیں قرآن اور قرآن کی تفسیر اور حقیقی ترجمہ کو اس نور آسمانی اور رحمت یزدانی کو ہم پاکستان کے ہر گوشہ میں اور پاکستان سے باہر اولوالعزمی سے ہر جگہ ہر ملک میں پہنچائیں اور پھیلائیں کہ دنیا کا ہر انسان قرآن کے عشق سے سرشار ہو کر مقدس بانی احمدیت کا یہ روح پرور نغمہ الاپنے لگے کہ

دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ میرا یہی ہے

اے فرزندان احمدیت!

حضرت مسیح موعود کی کتب کا بھی بار بار اور زیادہ سے زیادہ مطالعہ کریں تا قرآن کریم کی حقیقی تفسیر وتعلیم سے (ان کے ذریعہ) واقفیت حاصل کر کے ہم دنیا پر قرآن کریم کا حسن و جمال اور نور وظہور نمایاں کر سکیں اور ہم اور ہماری نسلیں تا قیامت قرآن پاک سے اس درجہ والہانہ عشق ومحبت کرنے والی بن جائیں جس کا عاشقانہ اظہار حضرت اقدس کے مندرجہ ذیل الفاظ سے ہوتا ہے۔ فرماتے ہیں۔

ترجمہ۔ ''اللہ تعالیٰ کی قسم (قرآن کریم) ایک لاثانی موتی ہے۔ اس کا ظاہر بھی نور ہے اور اس کا باطن بھی نور ہے اس کے اوپر بھی نور ہے اور اس کے نیچے بھی نور ہے اور اس کے ہر ہر لفظ میں نور ہے۔ وہ ایک روحانی باغ ہے جس کے خوشے نہایت قریب ہیں جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ ہر ثمر سعادت اس میں پایا جاتا ہے.......... اللہ کی قسم اگر قرآن نہ ہوتا تو میری زندگی بے لطف ہوتی۔ میں تو اس کے حسن کو ہزاروں یوسفوں کے حسن سے بڑھ کر دیکھتا ہوں۔ پس میں شدید طور پر اس کی طرف مائل ہو گیا ہوں اور اس کی محبت میرے دل میں انتہائی طور پر بھر گئی ہے۔''

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 545)

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

ویسٹ کوسٹ امریکہ میں جلسہ ہائے یوم خلافت

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ساری دنیا میں جماعت احمدیہ کے احباب اپنی خوش قسمتی پر نازاں ہیں کہ انہیں یہ مبارک دن دیکھنا نصیب ہوا کہ وہ خلافت احمدیہ کی صد سالہ جوبلی کی تقریبات میں شریک ہوئے۔ یہ خاصہ اور یہ برکت صرف اور صرف جماعت احمدیہ مومنین اور متقین کے گروہ کو ہی نصیب ہوئی اور اس پر ہم سب جتنا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کم ہے۔

یہاں امریکہ میں بھی شروع سال سے ہی محترم امیر صاحب امریکہ کی ہدایات پر ساری جماعتوں میں مختلف پروگرام مرتب کئے جا رہے تھے۔ ہر موقعہ، ہر میٹنگ، ہر فنکشن، اور ہر تقریب کا مرکزی نقطہ اور بنیادی پروگرام اور main theme خلافت احمدیہ ہی تھی۔ خواہ وہ جلسہ یومِ مصلح موعود تھا یا جلسہ یوم مسیح موعود۔

الحمدللہ 27 مئی کے حوالے سے جب کہ ساری دنیا کی جماعتیں یوم خلافت منا رہی تھیں ویسٹ کوسٹ کی جماعتوں نے بھی جلسہ یوم خلافت اپنے بھر پور انداز میں منایا۔ جس کی مختصراً جھلک پیش کی جاتی ہے۔

محترم امیر صاحب کی ہدایت پر ہر ریجن کے نائب امیر اور مربی انچارج پورے سال کے پروگراموں کے نگران بنا دیئے گئے تھے۔ چنانچہ مکرم ڈاکٹر حمید الرحمان کی سرکردگی میں خاکسار کی رہائش گاہ مشن ہاؤس پر میٹنگز ہوئیں (بیت الحمید تعمیر کے مراحل سے گزر رہی ہے اس لئے یہ میٹنگز مشن ہاؤس میں منعقد کی گئیں) ان میں مختلف مواقع پر ریجن کی جماعتوں کے صدر صاحبان اور عاملہ کے ممبران اور دیگر احباب شرکت فرماتے رہے۔ جو جماعتیں دور تھیں ان کے صدر صاحبان سے بذریعہ فون بات ہوئی۔ اور اس طرح ریجن کی تمام جماعتوں کے ساتھ رابطہ کر کے پروگرام مرتب کئے گئے۔

یہاں کی سب سے بڑی جماعت لاس اینجلس ایسٹ نے چند دوسری جماعتوں یعنی ان لینڈ ایمپائر اور سان ڈیگو کی جماعتوں سے مل کر ایک پروگرام ترتیب دیا اور کامیابی سے اس پر عمل ہوا۔ لاس اینجلس ویسٹ کی جماعت نے علیحدہ پروگرام کیا۔ لاس ویگاس نے بھی علیحدہ پروگرام منعقد کیا۔ طوسان اور فی نکس کی جماعتوں نے مل کر ایک پروگرام منعقد کیا۔

27 مئی کو خصوصیت کے ساتھ تمام جماعتوں میں نماز تہجد ادا ہوئی۔ احباب جماعت نمازِ تہجد کے لئے بیوت الذکر، مشن ہاؤس اور نماز سینٹرز میں ذوق اور شوق سے جمع ہوئے۔ پھر احباب مرد و خواتین اور بچوں نے ایم ٹی اے کے ذریعہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا Live خطاب سنا۔ وہ منظر قابل دید تھا جب حضور انور نے احباب کو کھڑا کر کے اشاعت دین اور استحکامِ خلافت کے لئے عہد لیا۔ بہت ساری آنکھیں پُرنم تھیں اور پھر دعا میں تو عجب سماں بندھا دعائیں کر رہے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ مبارک دن دکھایا اور خدا تعالیٰ سے جو عہد کیا ہے اس کو پورا کرنے کی دعائیں مانگ رہے تھے۔ سب لوگ خدا تعالیٰ کے حضور شکر بجا لا رہے تھے اور ایک دوسرے کو مبارک باد دے رہے تھے۔

مردوں کے علاوہ خواتین اور بچوں پر بھی اس کا بہت اثر ہوا۔ احباب جماعت کے ساتھ ٹیلیفون کے ذریعے سارا دن اسی بات کا ذکر چلتا رہا۔

مختلف جماعتوں نے الگ الگ اپنے جلسے کئے اس کی مختصر رُوداد درج ذیل ہے۔

لاس اینجلس

لاس اینجلس میں دو جگہ پر جلسہ ہوا۔ بیت الحمید چونکہ تعمیر ہو رہی ہے اس لئے لاس اینجلس ایسٹ اور لاس اینجلس ان لینڈ ایمپائر کی جماعتوں کو اپنا جلسہ منعقد کرنے کے لئے ایک ہال کرایہ پر لینا پڑا۔

مکرم مونس چوہدری صاحب کو یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ جماعت احمدیہ کی سو سالہ دورِ خلافت کی تاریخ پر پروگرام بنائیں۔ چنانچہ انہوں نے بہت محنت کے ساتھ چار نوجوان خدام کو جماعت کی سو سالہ دورِ خلافت کی تصویری پیش کرنے کے لئے تیار کیا۔ اس ٹیم کے ہر نوجوان نے 25 سالہ دورِ خلافت کی تاریخ کو سلائیڈز اور ویڈیوز کے ذریعہ سامعین کے سامنے بڑی کامیابی کے ساتھ پیش کیا۔ مکرم سیف الرحمان صاحب نے تاریخی حوالہ جات کے ساتھ خلافت احمدیہ کے آغاز سے لے کر پہلے پچیس سالوں کا ذکر کیا۔ اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول حضرت الحاج نور الدین کی خلافت کا مکمل دور اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی حضرت مرزا محمود احمد کے 1932ء تک کے دورِ خلافت کو اپنی معروضات کا موضوع بنایا۔ مکرم فیصل راجپوت صاحب نے 1933ء سے 1958ء کے حالات تصاویر اور حوالہ جات کے ساتھ پیش کئے۔ اس کے بعد مکرم رضوان الحق جٹالہ صاحب نے اگلے پچیس سال 1959ء تا 1983ء کے دوران ہونے والے واقعات تصاویر، وڈیوز، اور آڈیوز کی مدد سے پیش کئے۔

اس کے بعد مکرم عطاء المالک خان صاحب نے خلافتِ رابعہ کے باقی سالوں اور خلافتِ خامسہ کے اب تک کے حالات پیش کئے۔

خاکسار نے آخر میں خلافت کی برکات اور ضرورت بیان کر کے دوستوں کو خلیفۂ وقت اور نظام جماعت کی اطاعت کی طرف توجہ دلائی۔

اس کے بعد تھوڑی دیر کے لئے وقفہ ہوا۔

وقفے کے بعد دوسرا سیشن شروع ہوا۔ اس سیشن میں زیادہ تر غیر از جماعت مہمانوں کو اپنے اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا گیا۔ اس جلسے کے لئے ہم نے تقریباً 200 غیر از جماعت مہمانوں کو دعوت نامے بھجوائے تھے۔

اس کے بعد ہمارے سفید فام امریکن بھائی مکرم عبدالرحیم صاحب نے خلافت کے موضوع پر تقریر کی۔

اس کے بعد علاقہ کے چیف پولیس نے جماعت کی خدمات کو سراہا اور خصوصاً جماعت کی انٹرفیتھ میٹنگز اور دوسرے مذاہب کے احترام کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا۔

پروگرام کے آخر پر خاکسار نے پھر مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد سب حاضرین کو دوپہر کا کھانا پیش کیا گیا۔

غیر از جماعت مہمانوں کو جوبلی کے گفٹ بھی دیئے گئے۔ جن میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام بھی تھا جو کہ اچھے کاغذ پر طبع کرا کر سب میں تقسیم کیا گیا۔ نماز ظہر و عصر کے بعد یہ اجلاس ختم ہوا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کل حاضری 550 رہی۔

اخبارات و پریس میڈیا

امریکہ میں خصوصیت کے ساتھ ''خلافت'' سے متعلق بہت سی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ ان غلط فہمیوں کا سدِ باب کرنے کے لئے ہم نے علاقہ کے لوکل اور دیگر بڑے اخبارات میں فل پیج، نصف پیج اور چوتھائی پیج کے اشتہارات دیئے۔ جن میں امریکن کیونٹی، انڈین کیونٹی، عرب کیونٹی میں یہ اشتہارات شائع ہوئے۔ نیو یارک میں پاکستانی کیونٹی کے اخبارات میں بھی پورے پورے صفحے کے اشتہارات حضرت مسیح موعود اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تصویروں کے ساتھ دیئے گئے۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اس کے اچھے اثرات مرتب ہوئے۔

ایک شخص نے پاکستان ایکسپریس اور نیوز ایشیاء میں ہمارے اشتہار پڑھ کر مجھے کال کی اور کہنے لگا کہ ''حضرت مرزا صاحب کی تصویر دیکھ کر یہ یقین ہو رہا ہے کہ آپ نیک انسان ہیں اور مجھ سے یہ جرأت نہیں ہو رہی کہ میں اخبار کو اپنے میز سے ہٹالوں۔'' بعض اخبارات نے ہمارے خلاف غلط پروپیگنڈا بھی کیا۔ جس کا جواب بھی لکھ کر بھجوا دیا گیا تھا۔ انشاء اللہ جلد شائع ہو جائے گا۔ بعض لوگوں کی ٹیلی فون کالیں آئیں اور انہوں نے خلافت احمدیہ کے بارے میں مزید سوالات کئے جن کے تسلی بخش جواب بھی دیئے گئے۔ بعض لوگوں نے ہمارے خلافت جوبلی کے فنکشن میں شریک ہونے کے لئے دعوت نامے بھی مانگے جو انہیں بھجوا دیئے گئے۔ جن میں کونٹی کے کمشنر آف ہیلتھ اور دیگر اہم شخصیات شامل ہیں۔ کئی لوگوں نے خطوط بھی لکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کوریج نے بہت فائدہ دیا۔

اس کے علاوہ تین اخبارات نے خلافت احمدیہ کی جوبلی کے بارے میں ایڈیٹوریل بھی لکھے۔ ڈیلی بلٹن، چینو چیمپین، چینو ہل چیمپین تینوں اخبارات نے ہمارے حق میں ایڈیٹوریل لکھا۔

اخبارات میں خاکسار کے خلافت سے متعلق مضمون بھی شائع ہوئے۔

جلسہ خلافت لاس اینجلس ویسٹ

27 مئی کو شام کو یہاں پر بھی جلسہ خلافت منایا گیا۔ یہاں پر آج صبح نماز تہجد بھی با جماعت ہوئی۔ اور پھر حضور انور کا خطاب بھی سنا گیا۔ تلاوت و نظم کے بعد پہلی تقریر مکرم ناصر ملک صاحب سیکرٹری نیشنل تربیت نے Concept of Khilafat کے موضوع پر کی اس کے بعد مکرم ابراہیم نعیم صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ لاس اینجلس ویسٹ نے Need of Khilafat کے موضوع پر تقریر کی۔ خاکسار نے آخر پر Future of Khilafat کے موضوع پر تقریر کی۔

مکرم صدر جماعت جلال الدین صاحب نے آخر میں حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور دعا ہوئی۔ سب حاضرین کو ڈنر پیش کیا گیا۔ تقریباً 181 احباب اس میں شریک ہوئے۔ قریباً 30 افراد غیر از جماعت اور بھی اس میں شامل تھے۔ لاس اینجلس ایسٹ اور سان ڈیگو نیز لاس اینجلس ان لینڈ ایمپائر کی جماعتوں سے بھی دوست اس بابرکت جلسہ میں شامل ہوئے۔

لاس ویگاس میں جلسہ یوم خلافت

یوم خلافت کا جلسہ خدا تعالیٰ کے فضل سے یہاں بھی کیا گیا۔ یہاں پر جماعت کی تعداد تھوڑی ہے، ایک مکان کرایہ پر لے کر یہاں جماعتی مساعی کی جاتی ہے۔ جس میں نمازیں اور نماز جمعہ اور تربیتی کلاسز باقاعدگی کے ساتھ ہوتی ہیں۔ خاکسار کو بھی اس جلسہ میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ یہاں کے صدر مکرم جلال لقمان صاحب ہیں۔ تلاوت و نظم کے بعد تین تقاریر ہوئیں۔ دعا کے بعد جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ سب دوستوں کو لنچ پیش کیا گیا۔ قریباً ساٹھ افراد نے اس جلسہ میں شرکت کی۔

فی نکس اور طوسان میں جلسہ یوم خلافت

فی نکس اور طوسان میں بھی جلسہ خلافت ہوا۔ ہر دو جماعتوں نے اکٹھے جلسہ کیا۔ اس کے لئے فی نکس میں ایک کیونٹی سینٹر کرایہ پر لیا گیا تھا۔ طوسان کی جماعت کے مرد و خواتین اور بچوں نے 120 میل کا سفر طے کر کے یہاں جلسہ میں شرکت کی۔ حاضری قریباً 110 رہی۔

(باقی صفحہ 5 پر)

مکرم صوفی محمد اکرم صاحب

خلافت جوبلی کی دعائیں اور ان کی ضرورت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کے لئے دعاؤں کی ایک تحریک فرمائی تھی۔ یہ دعائیں کم وبیش وہی ہیں جن کی تحریک حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جماعت احمدیہ کے صد سالہ جشن تشکر کے موقع پر فرمائی تھی۔

MTA سے بہت مرتبہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زبان مبارک سے ان دعاؤں کے بار بار دہرائے جانے کی تاکید بیان ہوتی ہے اور ساتھ ہی حضور نے ان دعاؤں کو سمجھ کر پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے خصوصاً سورۃ الفاتحہ کے ترجمہ پر غور کرنے اور اس کی حکمت سمجھنے پر زور دیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے مامورین اور ان کے خلفاء کی طرف سے کوئی بھی ارشاد ہو یا تحریک حکمت سے خالی نہیں ہوتی جیسا کہ سورہ جمعہ میں فرماتا ہے کہ............ وہ ان کو اللہ کے نشانات دکھاتے ہیں۔ ان کو پاک کرتے ہیں۔ کتاب سکھاتے ہیں اور ان سب کی حکمت بھی بتاتے ہیں کیونکہ جب کسی حکم کی حکمت بھی معلوم ہو جائے تو اس کی تعمیل کے لئے دل کی گہرائی سے تحریک پیدا ہوتی ہے اور اس پر عمل کرنے کا ایک اور ہی لطف آتا ہے۔

چنانچہ جب ہم سورہ الفاتحہ کے معانی پر غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس سورۃ کا خلافت کے تاقیامت قائم رکھنے سے ایک بہت گہرا اور لازمی تعلق ہے۔ اسی طرح باقی تینوں دعاؤں کا سورہ الفاتحہ کی دعا سے تعلق بھی لازمی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں جو خلافت کا وعدہ فرمایا ہے وہ ایمان لانے والوں کے لئے تو ہے مگر نیک اور صالح اعمال کے ساتھ مشروط ہے۔

ایمان تو ہم لے آئے مگر خالی ایمان بغیر اعمال صالح کے کچھ کام کا نہیں۔ اعمال صالح کیا ہیں ان پر کیسے عمل ہو؟ عمل ہو بھی رہا ہے یا ہم محض اپنے زعم میں سمجھ رہے ہیں مگر حقیقت میں کچھ اور ہی کر رہے ہیں۔ سورۃ الفاتحہ میں ان سب باتوں کی طرف رہنمائی بھی فرما دی گئی ہے اور اس کے لئے دعا بھی سکھا دی گئی ہے۔ یوں تو سورہ فاتحہ مکمل دعا ہے۔ شروع میں تو ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں اور ان صفات کا ذکر اور اقرار کرتے ہیں جو امہات الصفات کہلاتی ہیں کیونکہ جب تک حاکم اور مالک کے اختیارات یا اس کی طاقتوں کا علم نہ ہو اس سے مانگنے کا خیال بھی نہیں آتا۔ اس کے بعد یہ اقرار ہے کہ ہم صرف تم سے ہی مدد مانگتے ہیں اور جس سے مانگا جائے شکرانہ کے طور پر عبادت بھی صرف اسی کی ممکن ہے اور پھر اس کے بعد ہم وہ اصل دعا مانگتے ہیں۔ جس کے لئے یہ ساری تمہید باندھی گئی یعنی 'ہم کو سیدھا راستہ دکھا'' اور اس کے بعد سیدھے رستہ کی وضاحت ہے کہ وہ کونسا راستہ ہے جو سیدھا ہے یعنی ہم کو انعام یافتہ لوگوں کے راستہ پر چلا نہ کہ ان لوگوں کے راستہ پر جن پر تیرا غضب ہوا یا جو گمراہ ہو گئے۔ گویا کہ ہم سورہ فاتحہ میں ایسے سیدھے راستہ پر چلنے کی دعا مانگتے ہیں جس سیدھے راستہ پر چل کر ہم سے پہلے لوگوں نے انعامات حاصل کئے۔

آج ہم اگر انعام یافتہ لوگوں کے ساتھ ملنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ہم کو اس راستہ پر چلنا ہوگا جو اللہ اور اس رسول یعنی حضرت محمد مصطفی ﷺ کی اطاعت کا راستہ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم وہی اعمال صالحہ بجالاویں جو اللہ تعالیٰ کے احکامات کے تحت ہمارے آقا ومولیٰ ﷺ بجالاتے رہے اور یقیناً یہی وہ اعمال صالحہ ہیں جو شرط ہیں خلافت کے انعام کی جن کا ذکر آیت استخلاف میں ہے۔

خلفاء نے جو دعائیں سورہ فاتحہ کے ساتھ مانگنے کے لئے بتائی ہیں وہ پُر مصائب راستوں پر چلنے کے لئے آسانی پیدا کر دیتی ہے اور ناممکن راستہ کو ممکن بنا دیتی ہیں۔ اس کے لئے سب سے پہلے یہ دعا سکھائی۔

ربنا افرغ علینا .... (البقرہ:251)

مشکل حالات برداشت کرنے کے لئے بہت عظیم صبر کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی کے مطابق یہ دعا ہے۔ افرغ کے معنی ہوتے ہیں فارغ کر دینے کے۔ مثلاً پانی کا ڈول اگر بھرا ہوا ہو تو اس کو اس طرح الٹا دیا جائے کہ تمام پانی گر جائے اور ڈول پانی سے فارغ ہو جائے۔ اس دعا کے یہ معنی ہوئے کہ اے اللہ ہم پر اتنا صبر انڈیل دے یعنی ہم کو عطا کر کہ تیرا صبر کا جو برتن ہے وہ خالی ہو جائے بے شک خدا تعالیٰ کے خزانے تو کبھی خالی نہیں ہوتے مگر دعا میں صبر کی شدت اور عظیم مقدار میں مانگنے کا ضرور پتہ چلتا ہے۔ صبر کے ساتھ ہی اس دعا میں مانگا گیا ہے کہ اے اللہ ہمیں ثبات قدم عطا فرما۔ ہمارے قدم ان مشکل اور پُر آشوب حالات میں ڈگمگا نہ جائیں اور دشمن قوم کے مقابل پر ہماری مدد فرمانا۔

یعنی جب سورۃ فاتحہ کی دعا کے ساتھ ہم سیدھے راستہ پر چلنا شروع ہوں تو شیطان کی طرف سے جتنی بھی مخالفتیں کی جاویں۔ مصیبتیں آویں۔ حالات نامساعد ہو جاویں ناقابل برداشت تکالیف کو برداشت کرنے کی ہمت پانے کے لئے یہ دعا ضروری ہے۔

دوسری دعا دشمن کی طرف سے ریشہ دوانیاں اور ظلم روکنے کے لئے یہ سکھائی کہ

اے اللہ ہم تجھ کو ہی ان کے دلوں میں کرتے ہیں یعنی تیرا رعب اور خوف ان کے سینوں میں بھر جائے اور ہم ان کے شر سے بچنے کے لئے تیری ہی پناہ میں آنا چاہتے ہیں۔ یہ دعا جب اللہ تعالیٰ کے فضل سے پائے قبولیت تک پہنچے گی تو یقیناً ایک تو دشمن کے ظلم میں کمی آئے گی اور ہم اس کے شر سے بچ کر خدا تعالیٰ کی پناہ میں آجاویں گے اور صراط مستقیم پر چلنا اور اعمال صالحہ بجالانا آسان ہو جائیں گے۔

پھر تیسری دعا یہ سکھائی ربنا لا تزغ قلوبنا............

اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے بعد اس کے کہ تو ہمیں ہدایت دے چکا ہو اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر یقیناً تو ہی ہے جو بہت عطا کرنے والا ہے۔ چونکہ سچائی کے راستے پر چلنے کے نتیجہ میں اہل دنیا کی طرف سے لامتناہی مخالفت اور تکالیف کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ مومن صبر بھی کرتا ہے اور پھر کسی ناقابل برداشت ابتلاء کی وجہ سے کوئی غلط قدم اٹھانے یا کمزوری دکھانے سے بچنے کے لئے یہ دعا بار بار مانگنے کی تلقین فرمائی کہ اے ہمارے رب ان مشکل حالات کی وجہ سے ہمارے ایمان متزلزل نہ ہو جاویں۔ تو ہمارے دلوں کو پھرنے نہ دینا۔ جیسا کہ 1974ء کے حالات میں بھی اور پھر 1984ء میں بھی عشاق خلافت نے اپنا سب کچھ لٹا دیا۔ رونگٹے کھڑے کر دینے والے مظالم برداشت کئے مگر اپنے ایمان پر قائم رہے۔ احمدیت اور خلافت سے رابطہ کمزور نہ ہونے دیا اس لئے یہ دعا بھی آج ہر احمدی کے لئے ضروری ہے۔

پھر انسان خواہ اپنی پوری کوشش کرے بہرحال انسان ہی ہے۔ دانستہ طور پر نہ سہی نادانستہ طور پر یا غیر ارادی طور پر ہی کوئی نہ کوئی غلطی ہو جاتی ہے۔ حالات کی مجبوری سے اپنی ذمہ داری جو ایک عام احمدی ہوتے ہوئے یا خصوصاً ایک عہدیدار ہوتے ہوئے عائد ہوتی ہے کماحقہ ادا نہیں کر پاتے اس لئے فرمایا کہ کثرت کے ساتھ استغفار کریں۔

یعنی میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ سے جو کہ میرا رب ہے ہر ایک گناہ سے اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔

استغفار تو ہر ایک کے لئے لازمی ہے۔ وہ ہستی جس کی خاطر کائنات تخلیق کی گئی یعنی ہمارے آقا و مولیٰ حضرت اقدس محمد مصطفی ﷺ بھی کثرت سے استغفار پڑھا کرتے تھے۔

پس آج حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے استغفار اور درود شریف بکثرت پڑھنے کی جو تحریک فرمائی ہے بہت ہی پُر حکمت ہے لیکن درود شریف جب پڑھا جائے تو محض طوطے کی طرح الفاظ ہی نہ دھرائے جائیں بلکہ حضرت رسول کریمؐ کی تمام زندگی زیر نظر ہو۔ خصوصاً آپ نے زندگی بھر جو تکالیف اور مشکلات محض اس لئے برداشت کیں کہ ہمارے لئے تاقیامت ایک اسوہ قائم ہو تا کہ ہم اس کے مطابق چل کر اپنی دنیا بھی اور آخرت بھی سنوار سکیں۔ اسی طرح استغفار پڑھتے وقت بھی اپنی کمزوریوں کوتاہیوں وغیرہ کو ذہن میں رکھنا ہوگا۔

درود شریف تو کنجی ہے قبولیت دعا کی۔ اگر ہم اپنی ذات کے لئے دعا کی بجائے صرف درود شریف ہی دہراتے رہیں تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ ہماری تمام مشکلات خود دور فرما دیتا ہے اور ہماری حاجات بھی پوری فرما دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم کو یہ تمام دعائیں ان کی روح کے مطابق شعوری طور پر مانگنے کی توفیق عطا فرماوے۔ ہماری تضرعات کو قبول فرمائے۔ آنحضرت ﷺ کے اسوہ پر چلتے ہوئے ہم سب بحیثیت جماعت بھی اور انفرادی طور پر بھی وہ نیک اور صالح اعمال بجالانے والے ہوں جو خلافت کے لئے شرط ہیں۔ تا کہ خلافت کا وعدہ جماعتی لحاظ سے بھی اللہ تعالیٰ پورا فرماتا رہے اور ہم انفرادی لحاظ سے بھی یعنی ہر فرد جماعت خلافت کی برکات سے مستفید ہوتا چلا جائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 4)

تلاوت اور نظم کے بعد خدام و انصار نے خلفاً کے حالات و واقعات پر روشنی ڈالی۔ آخر میں خاکسار نے خلافت کی ضرورت اور برکات بیان کر کے حضرت مسیح موعود اور خلفاً احمدیت کے اقتباسات پیش کئے۔ دعا پر جلسہ اختتام پذیر ہوا۔ شام کو سب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد دوست واپس چلے گئے۔

27 مئی کے حوالے سے طوسان کی جماعت نے بھی صبح نماز تہجد با جماعت ادا کی اور پھر حضور انور کا خطاب سنا۔ بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ خاکسار کو جہاں جہاں بھی شامل ہونے کا موقع ملا سب دوستوں نے اس بات کا موثر رنگ میں اظہار کیا کہ حضور نے جو عہد ہم سے لیا تھا وہ بہت ہی دلگداز اور موثر تھا اور ہر ایک یہ کہتا تھا کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ ہمیں اس عہد کو دل و جان کے ساتھ نبھانے اور پورا کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

وادیٔ ہنزہ

پہاڑوں کے دامن میں گھری وادی ہنزہ پاکستان کا خوبصورت تفریحی اور تاریخی مقام ہے۔ اس وادی کو شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں کا قدیم گھر بھی کہا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم میں زلزلے آنے سے اسے خاصا نقصان پہنچا تھا مگر بعد میں پتھروں کی دیواروں سے اسے مضبوط کیا گیا۔ 1920ء میں برطانوی سیاحوں نے اس وادی کو Baltit کا نام دیا تھا جو کہ حیرت انگیز قلعہ سے موسوم ہے۔

ابن کریم

محنت مزدوری کرنے والے ایک بہادر کا تذکرہ

ہاتھ سے کام کرنے کی برکات

کچھ عرصہ پہلے بازار سے گزرتے ہوئے ایک نوجوان نے مجھے بتایا کہ آپ کا مکان جب بن رہا تھا تو وہاں مزدوری کرنے والا ایک رحمت نامی شخص جو لمبا عرصہ لقوے کے عارضہ میں مبتلا رہا تھا چھوٹی عید کے قریب فوت ہو گیا تھا۔ مجھے یہ خبر سن کر بہت دکھ اور صدمہ ہوا۔ رحمت کے ساتھ میری کوئی رشتے داری یا قربت داری تو نہ تھی لیکن احمدیت بھی کسی خونی رشتہ داری سے کم نہیں ہے کیونکہ حضرت اقدس مسیح موعود نے فرمایا ہوا ہے تم باہم ایسے ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے نکلے ہوئے دو بھائی ہوتے ہیں۔ بہرحال میں بات کر رہا تھا ایک محنت مزدوری کرنے والے رحمت صاحب کی۔ مجھے اس طبقے سے دو طرح سے خاص محبت ہے۔ ایک تو جب سے یہ پڑھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک محنت مزدوری کرنے والے کے ہاتھ چوم لئے تھے۔ اس میں پیغام ہے کہ محنت کرنے والے کی عزت و تکریم ضروری ہے اور وہ خود بھی محنت اس حد تک کرے کہ اس کے پسینے کی وجہ سے اس کی قدر دلوں میں بیٹھ جائے۔

دوسری بات یہ ہے کہ بنیادی طور پر میں خود ایک مزدور اور محنت کش خاندان سے ہوں۔ ہمارے ہاں زمیندار صبح سے رات گئے تک محنت مزدوری ہی کرتا ہے۔ میرا بچپن بھی اسی ماحول میں گزرا ہے۔ چارہ کاٹنا فصل کاٹنی گوڈی کرنا مال مویشی کو ادھر ادھر لے جانا ان کی ہر طرح سے خدمت کرنی اور خیال رکھنا۔ میرے کاموں میں داخل رہا ہے۔ سو مجھے بھی محنت کرنے والے دل کو بہت بھاتے ہیں۔ تیسری وجہ پسند کی یہ ہے کہ ایک مزدور پسینے سے شرابور تھکا ماندہ کھڑا تھا کہ معاً حضرت نبی کریم ﷺ نے چپکے سے اس کی آنکھوں پر محبت کے ساتھ ہاتھ رکھ دیا۔ اس کو ہاتھوں کے لمس سے ہی پتہ چل گیا کہ یہ میرے آقا ہیں۔ اس نے سوچا بھلا مجھ جیسے انسان کے ساتھ محبت و عنایت کا اظہار سوائے رسول اللہ ﷺ کے اور کوئی نہیں کر سکتا۔ سو اس نے خوب اپنے جسم کو حضور اکرم ﷺ کے جسم مبارک کے ساتھ رگڑا کہ آج موقع ہے کہ اسی عنایت اور محبت سے جی بھر کر فائدہ اٹھا لیا جائے۔ آج تو وہ حالت ہے۔

یہ محبت تو نصیبوں سے ملا کرتی ہے
چل کے خود آئے مسیحا کسی بیمار کے پاس

رحمت کا میں خاص طور پر ذکر اس لئے بھی کر رہا ہوں کہ پانچ چھ سال پہلے جب میں نے پرانا مکان گرا کر نیا مکان تعمیر کیا تو رحمت اپنے ٹھیکیدار کا لاڈلا مزدور تھا۔ بات بہت سادہ اور عام فہم سی ہے کہ جو مزدور جان لگا کر محنت کرتا اور دیانتداری کے ساتھ دیہاڑی لگاتا ہے۔ ٹھیکیدار کو اچھا لگتا ہے وہ کیوں نہ اسے ترجیح دے گا۔ سو ٹھیکیدار کا رحمت کے ساتھ خاص سلوک رحمت کی محنت اور دیانتداری کا ہی ثبوت تھا۔ رحمت نے یہ گر سیکھا ہوا تھا کہ مزدور کی مزدوری میں پسینہ ضرور شامل ہونا چاہئے۔

اب دیکھیں ایک مزدور اور اتنی محنت اور پھر طرفہ یہ کہ وہ بیچارہ عرصہ دو سال پہلے لقوے کے شدید عارضے میں مبتلا ہو گیا۔ میں تو خود چونکہ ایک ایکسیڈنٹ کی وجہ سے اس مصیبت میں مبتلا رہا ہوں۔ اس لئے جانتا ہوں یہ کتنی تکلیف دہ حالت ہوتی ہے۔ بہرحال وہ بیچارہ لقوہ کے شدید اٹیک (لقوہ بھی فالج ہی کی ایک قسم ہے) کی وجہ سے بیمار ہو گیا مگر بیوی اور چھوٹے چھوٹے بچوں کا پیٹ تو پالنا ہی تھا۔ ان کا تو وہ نگران بنایا ہی گیا تھا یہ ذمہ داری اس نے بالکل اس مجاہد کی طرح ادا کی جو میدان جنگ میں بے خطر کود پڑتا ہے جان تک کی پرواہ نہیں کرتا بلکہ اگر ایسا وقت بھی آ جائے کہ جان کی قربانی دینا پڑے۔ تو وہ اس سے بھی دریغ نہیں کرتا۔ وہ بیچارہ اسی حالت میں مہینوں مزدوری کرتا رہا۔ کئی دفعہ میں نے دیکھا رحمت نے آنکھ پر سبز پٹی باندھی ہوئی ہے اور منہ ٹیڑھا ہے اور اپنی ٹوٹی پھوٹی سائیکل چلاتے ہوئے دیہاڑی لگا کر واپس آ رہا ہوتا تھا۔ میں یہ منظر دیکھ کر خدا کا شکر بھی بجا لاتا کہ خدا نے مجھے صحت دی ہوئی ہے اور زندگی بھی کتنی اس کی نسبت آسان ہے۔ میں بھی دوپہر کو یا شام کو جب گھر پہنچتا ہوں تو میرے بچے بھی میرا انتظار کر رہے ہوتے ہیں۔ ہائے رحمت! بچے تو تمہارے بھی انتظار کر رہے ہوتے ہوں گے۔ مگر ان کو ایک گونہ خوشی زیادہ پہنچتی ہوگی اور سینے تن جاتے ہوں گے کہ اور لوگ تو صحیح سلامت گھروں سے دفتر جاتے ہیں اے سی گاڑیوں میں گئے۔ اے سی دفتروں میں بیٹھے اور ذمہ داریاں نبھائیں مگر ان کا باپ لقوے کا مریض صبح سے شام تک بجری اٹھاتا، سیمنٹ اٹھاتا، اینٹیں اٹھاتا اور پھر شام کو ہمارے چولہے کے جلنے کا سامان کرتا ہے۔ بلاشبہ ایسے ہی لوگ ہوتے ہیں جن کی محنت کو خدا کے رسول نے فرمایا رزق حلال عین عبادت ہے اور پھر ایسے ہی محنت کرنے والوں کے چندوں کو اخلاص سے قربانی کرنے والوں کے چند روپوں کو خدا تعالیٰ کتنی برکت دے رہا ہے۔ بڑی بڑی رقموں کے ساتھ مل کر یہ چند روپے بھی برکتوں کے کتنے گہرے اور انمٹ نقوش چھوڑتے ہیں کیونکہ ان اموال سے ہی اشاعت قرآن کریم کے سامان ہو رہے ہیں دنیا میں بیوت الذکر بن رہی ہیں لوگ خدا کی توحید اور رسول اللہ ﷺ کی رسالت کا اقرار کر رہے ہیں۔ اس خون پسینے کی کمائی سے کی گئی قربانی کیا رنگ لاتی ہے۔ ذرا ملاحظہ کریں۔

